QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 230

کوئٹہ 30 مارچ 2026۔۔۔۔۔گنداواہ شہر کو جھل مگسی سے بجلی کی فراہمی عارضی طور پر شروع کر دی گئی ہے اور ابتدائی طور پر بھاگ شہر کے ہسپتال، سرکاری دفاتر اور پی ایچ ای کنکشنز کو بجلی کی فراہمی بحال کر دی گئی ہے اور مذکورہ متاثرہ لائن کی بحالی کیلئے سامان کی منتقلی کا کام شروع کر دیا گیا ہے جبکہ 33kv گنداواہ لائن کے متاثرہ کنڈکٹرز اور کھمبوں کی تنصیب کا کام بھی جلد شروع کر دیا جائے گا۔

واضح رہے کہ ہفتہ اور اتوار کی درمیان شب سبی کے علاقے بھاگ میں نامعلوم چوروں نے 33 کے وی گنداوہ فیڈر کے 26 کھمبوں سے کنڈکٹرز (بجلی کی تاریں) چوری کر لئے اس دوران پانچ پی سی سی PCC کھمبوں کو بھی مکمل طور پر نقصان پہنچایا گیا جس کے نتیجے میں 33kV گنداوہ فیڈر سے منسلک گنداواہ شہر کو بجلی کی فراہمی مکمل طور پر معطل ہوئی۔ بعدازاں کیسکو لہڑی سب ڈویژن کی جانب سے واقعہ میں ملوث چوروں کے خلاف قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ پولیس اسٹیشن میں ایف آئی آر درج کرادی گئی ہے تاکہ واقعہ میں ملوث افراد کو جلد از جلد گرفتار کیا جاسکے۔ اس دوران 33kV گنداوہ فیڈر سے کنڈکٹرز کی چوری ہونے سے گنداواہ شہر کے صارفین کو بجلی کی فراہمی میں تعطل پر کیسکو نے معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔